خَيْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ ٱلْقُرْءَانَ وَعَلَّمَهُ

تم میں سے بہترین وہ ہے جو قرآن سیکھے اور سکھائے (بخاری:5027)

# آؤ قرآن پڑھیں

## آسان طریقے سے اور تجوید کے ساتھ

ورک بک کے ساتھ

**LKG**


تالیف

ڈاکٹر عبدالعزیز عبدالرحیم

بانی و ڈائریکٹر: انڈراسٹینڈ القرآن اکیڈمی



UNDERSTAND AL-QURAN ACADEMY

www.understandquran.com

© جملہ حقوقِ اشاعت برائے Edusuite Solutions Private Limited محفوظ ہیں۔
اس کتاب کے کسی بھی حصہ کی بغیر اجازت کاپی، تقسیم
اور کسی بھی ویب سائٹ پر اپلوڈ کرنا ممنوع ہے۔

نام کتاب: آؤ قرآن پڑھیں
آسان طریقے سے اور تجوید کے ساتھ LKG

تالیف: ڈاکٹر عبدالعزیز عبدالرحیم
بانی و ڈائریکٹر: انڑ اسٹینڈ القرآن اکیڈمی

ناشر: EduSuite Solutions Private Limited

اشاعتِ ششم: جنوری:2020 تعداد:3000

صفحات: 44

## ریسرچ و ڈیولپمنٹ ٹیم
محسن صدیقی، محمد فرقان فلاحی
عامر ارشاد فیضی، عبدالقدوس عمری
ارشاد عالم ندوی، عبدالرب خرم قریشی
ڈاکٹر زریش تبسم مومناتی، اسامہ صالح

## ایڈوائزرس
خورشید انور ندوی۔ فاضل، دارالعلوم ندوۃ العلماء
و کامل، جامعہ نظامیہ حیدرآباد، دکن

## معاونین
ڈاکٹر عبدالقادر فضلانی، خواجہ نظام الدین احسن
عبدالرحیم نعیم الدین، محمد یونس جامعی

## مترجمین
مجاہد اللہ خان

## عربی فونٹ ڈیزائنرس
شکیل احمد مرحوم (اللہ ان کی قبر کو نور سے بھر دے)، عائشہ فوزیہ

## گرافک ڈیزائنرس
کفیل احمد فیضی

## قرآنی (الفاظ) اعداد و شمار
طارق عزیز، مجتبیٰ شریف www.corpus.quran.com

Publisher
EduSuite Solutions Private Limited
Plot No. 13-6-434/B/41, 2nd Floor, Omnagar,
Langar House, Hyderabad - 500 008.
Telangana - INDIA
Ph.: +91- 9652 430 971 /+91-40-23511371
Website: www.understandquran.com
Email: info@understandquran.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

میں شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے، جو بڑا مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے

# فہرستِ اسباق


| سبق نمبر | سبق کا نام | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| | پیش لفظ | IV |
| | اکیڈمی کا تعارف | V |
| | اس کتاب کو کیسے استعمال کریں | VI |
| | ہدایات برائے اسباق کی منصوبہ بندی | VII |
| | تعارفِ مخارج | VIII |
| | عربی حروف بنانے کی لکیریں | IX |
| | حصّہ اوّل — حروفِ تہجّی | |
| 01 | میم - باء | 10 |
| 02 | واوٗ - فاء | 12 |
| 03 | ثاء - ذال - ظاء | 14 |
| 04 | تاء - دال - طاء | 16 |
| 05 | زاء - سین - صاد | 18 |
| 06 | لام - نون - راء | 20 |
| 07 | جیم - شین - یاء | 22 |
| 08 | ضاد - کاف - قاف | 24 |
| 09 | ہمزہ - ہا | 26 |
| 10 | عین - حاء | 28 |
| 11 | غین - خاء | 30 |
| 12 | حروفِ تہجّی | 32 |
| | اسلامیات | 34 |

# پیش لفظ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ، أَمَّا بَعْد!

اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا: "تم میں بہتر شخص وہ ہے جو قرآن سیکھے اور سکھائے"۔ (بخاری)

قرآن کو صحیح طریقہ سے پڑھنا ہر مسلمان کی ذمہ داری ہے کیونکہ تلاوت قرآن کا بہت زیادہ ثواب ہے، حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا: جو شخص کتاب اللہ کا ایک حرف پڑھے اس کے لیے اس حرف کے عوض ایک نیکی ہے اور ایک نیکی کا اجر دس نیکی کے برابر ملتا ہے۔ میں یہ نہیں کہتا کہ پورا "الٓمّٓ" ایک حرف ہے بلکہ "الف" ایک حرف، "لام" ایک حرف اور "میم" ایک حرف ہے۔ (ترمذی)

ایک اور حدیث میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا: قرآن کریم کا ماہر مقرب فرشتوں کے ساتھ ہوگا، اور جو شخص قرآن مجید کو اٹک اٹک کر پڑھتا ہے اور اس میں دقّت اٹھاتا ہے اس کے لیے دہرا ثواب ملے گا۔ (متفق علیہ)

قرآن کے اس کورس کو تیار کرنے میں ہم نے اس بات کی بھرپور کوشش کی ہے کہ یہ بچوں اور بڑوں کے لیے آسان اور یکساں طور پر مفید ہو اور ان کے لیے قرآن کو پڑھنا آسان ہوجائے۔ ان شاء اللہ آپ اس کورس کو آسان، دلچسپ، اور جدید تدریسی طریقہ پر مبنی پائیں گے، جو طلبہ کے ساتھ ساتھ اساتذہ کے لیے بھی یکساں طور پر آسان اور مفید ثابت ہوگا۔ اللہ سے دعا ہے کہ وہ ہماری ان حقیر کوششوں کو قبول کرے۔

آپ سے یہ گزارش ہے کہ جہاں جہاں ہو سکے، اسکول، مدرسہ، مسجد، محلے اور خاندانوں میں اس کا تعارف کرائیں، تاکہ اس امت میں قرآن کو صحیح پڑھنے کا اور قرآن کو سمجھنے کا رواج عام ہو۔

ہم ان سب احباب کے تہہ دل سے مشکور ہیں جنھوں نے اس کام کی تکمیل میں حصہ لیا، جیسے ریسرچ وڈیولپمنٹ ٹیم، ایڈوائزرس معاونین، مترجمین، فونٹ ڈیزائنرس، اسی طرح میں اپنے والدین، اہلیہ تابندہ تحسین، فرزندان سلیمان، اسامہ اور دختر سماح کا بھی ممنون ہوں جنھوں نے ہر مرحلہ میں میرا ساتھ دیا اور میری مدد کی، اللہ سے دعا ہے کہ وہ ان سب کو اجر عظیم سے نوازے۔ آمین

اب یہ آپ کی ذمہ داری ہے کہ بحیثیت اسکول انتظامیہ، ناظم، اساتذہ اور والدین جہاں جہاں ہو سکے، مسجدوں محلوں اور خاندانوں میں اس کا تعارف کرائیں؛ تاکہ نئی نسل اس نصاب سے بھرپور فائدہ حاصل کرے اور اس امت میں قرآن کو صحیح پڑھنے اور سمجھنے کا رواج عام ہو۔

اللہ سے دعا ہے کہ ہمیں غلطیوں سے محفوظ رکھے اور اگر ہوگئی ہوں تو معاف فرمائے۔ اگر آپ اس میں کوئی غلطی دیکھیں تو براہ کرم ضرور مطلع فرمائیں تاکہ اگلے ایڈیشن میں اس کی تصحیح ہو سکے۔ ساتھ ہی ساتھ اپنے مشوروں سے بھی نوازیں تاکہ ان کو بھی اگلے ایڈیشن میں شامل کیا جاسکے۔ جو بھی طالب علم آپ کے دیے ہوئے مشورے کی روشنی میں آسانی پائے گا، اس کا اجر ان شاء اللہ آپ کو بھی ملے گا۔ اس لیے مشورے دینے میں ہرگز پیچھے نہ ہٹیں۔ جَزَاکُمُ اللّٰہُ خَیْرًا

عبد العزیز عبد الرحیم
info@understandquran.com

# اکیڈمی کا تعارف

www.understandquran.com

**اکیڈمی کے مقاصد:** (۱) قرآن سے دوری کو دور کیا جائے اور ایسی نسل کی تیاری میں مدد کی جائے جو قرآن کو پڑھے، سمجھے، عمل کرے اور دوسروں تک اس کے پیغام کو پہنچائے (۲) قرآن کو سب سے دلچسپ، آسان، مؤثر اور روزانہ کی زندگی میں سب سے زیادہ کام آنے والی اور دنیا اور آخرت کی کامیابی کا راستہ دکھانے والی کتاب کے طور پر پیش کیا جائے (۳) رسول اللہ ﷺ کی محبت وعظمت پیدا کرنے کی نیت سے احادیث کی بنیادی تعلیم فراہم کی جائے کیونکہ آپ کی زندگی قرآن کا عملی نمونہ ہے۔ (۴) قرآن پاک کو آسان انداز میں تجوید کے ساتھ پڑھنا سکھایا جائے (۵) اسکولس، مدارس، مکاتب اور عام لوگوں کے لیے ضروری چیزیں (کتابیں، سی ڈیز، پوسٹرس وغیرہ) علماء کی نگرانی میں تیار کیے جائیں اور انہیں ایک نصاب کے طور پر پیش کیا جائے (۶) مشغول اور تجارت پیشہ افراد کے لیے مختصر مدتی کورسس (شارٹ کورسس) منعقد کیے جائیں (۷) سیکھنے سکھانے کے آسان اور نئے طریقوں کو استعمال کرتے ہوئے قرآن کے سیکھنے کو آسان بنایا جائے۔

واضح رہے کہ اس کا مقصد قرآنی علوم کے ماہرین کو تیار کرنا نہیں ہے کیوں کہ یہ کام ماشاءاللہ دیگر مدارس اور ادارے کر رہے ہیں، بلکہ اس کا مقصد یہ ہے کہ عام مسلمان اور اسکول کے طلبہ قرآن کے بنیادی پیغام کو سمجھ سکیں۔

**یہ کام کیوں؟:** غیر عرب مسلمانوں کی اکثریت قرآن کو نہیں سمجھتی ہے۔ آج کی نسل کے لیے قرآن سے تعارف انتہائی ضروری ہے کیوں کہ ایک طرف تو بے حیائی کا طوفان ہے جس میں کسی کی بات کا اثر اتنا نہیں ہوسکتا جتنا اللہ کے کلام کا ہوگا، اور دوسری طرف تقریباً ہر طرف سے دین اسلام، محمد ﷺ کی ذاتِ اقدس اور قرآنِ کریم پر حملوں کا سلسلہ جاری ہے، پوری کوشش کی جارہی ہے کہ مسلمانوں کا ایمان قرآن سے ختم ہوجائے یا کمزور ہوجائے اور وہ اللہ و رسول سے غافل ہوجائیں۔ ان حالات میں ہمارے لیے ضروری ہے کہ ہم نئی نسل کو قرآن سمجھائیں اور ان کو بنیادی اعتراضات کا مقابلہ کرنے کے قابل بھی بنائیں، ان شاءاللہ جب وہ قرآن سمجھیں گے تو اپنی دنیا و آخرت میں کامیاب ہوں گے اور دوسروں کو بھی اس کی دعوت پیش کرسکیں گے۔

**مختصر تاریخ:** 1998 میں www.understandquran.com بنائی گئی۔ الحمد للہ اس وقت سے قرآن مجید کو آسان اور مؤثر طریقوں کے ذریعہ سمجھنے اور سمجھانے کے لیے مختلف کتابوں کی تیاری یا ان کے تراجم پر کام کیا جارہا ہے۔ قرآن فہمی کا پہلا کورس (پچاس فیصد قرآنی الفاظ) تقریباً ۲۵ مختلف ممالک میں پڑھایا جارہا ہے اور اس کا کم و بیش ۲۰ عالمی زبانوں میں ترجمہ بھی کیا جاچکا ہے۔ اس کے علاوہ یہ کورس پانچ ملکی و عالمی ٹی وی چینلس پر بھی نشر کیا جاچکا ہے۔ اس وقت تقریباً 2000 سے زائد اسکولس میں "آؤ قرآن پڑھیں تجوید کے ساتھ" اور "آؤ قرآن سمجھیں آسان طریقے سے" کے کورسس جاری ہیں، الحمد للہ۔

اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا: "بَلِّغُوْا عَنِّيْ وَلَوْ اٰيَةً" (پہنچاؤ میری طرف سے اگرچہ ایک آیت ہی ہو)، تو آیئے ہم سب مل کر اس کام کو آگے بڑھائیں! آپ جہاں بھی ہوں، کوشش کریں کہ اس کورس کو سیکھیں اور وہاں کی مسجد، محلے، اسکول، مدرسہ وغیرہ میں اس کا تعارف کرائیں اور بچوں اور بڑوں کو اس اہم کام سے جوڑیں۔ اللہ سے دعا ہے کہ وہ اپنی عظیم الشان کتاب کی خدمت میں کیے گئے ہمارے ان چھوٹے موٹے کاموں کو قبول کرے، ہمیں ریاکاری اور دوسرے تمام گناہوں سے بچائے اور غلطیوں سے محفوظ رکھے۔ آمین

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْم، وَتُبْ عَلَيْنَا اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْم، وَاغْفِرْ لَنَا، اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْم ۔وَجَزَاكُمُ اللهُ خَيْرًا ۔

# اس کتاب کو کیسے استعمال کریں

کتاب کے بارے میں:

"آؤ قرآن پڑھیں آسان طریقے سے اور تجوید کے ساتھ" نامی کتاب کی سیریز نرسری سے لے کر دوسری کلاس تک پڑھائی جاتی ہے۔ ایل کے جی کے طلبہ کے لیے "آؤ قرآن پڑھیں آسان طریقے سے اور تجوید کے ساتھ" (ایل کے جی) تیار کی گئی ہے۔ یہ کتاب آسان انداز میں تجوید سکھانے کے لیے انڈر اسٹینڈ قرآن اکیڈمی کے اسلوب پر تیار کی گئی ہے۔ اس کتاب کو اس طرح مرتب کیا گیا ہے کہ اسکولی نصاب سے موافقت رہے اور پورے تعلیمی سال میں اسے پڑھایا جا سکے، ضرورت پڑنے پر اسے بڑی کلاس کے طلبہ کو بھی پڑھایا جا سکتا ہے۔

ایل کے جی کی یہ کتاب دو حصوں پر مشتمل ہے:

- پہلے حصہ میں "آؤ قرآن پڑھیں آسان طریقے سے اور تجوید کے ساتھ" موجود ہے۔
- دوسرے حصہ میں اسلامیات شامل ہے۔

حصہ اول: سبق نمبر: 1 سے سبق نمبر: 12 تک تمام حروف تہجی (مکمل شکل میں) موجود ہیں تاکہ ان حروف کی اشکال، ان کی آواز اور ان کو لکھنے کی مشق پر توجہ رہے۔ اسباق میں موجود مشقوں کے ذریعہ طلبہ میں صوتی و بصری ذخیرۂ الفاظ کو تیار کیا جاتا ہے، آخر میں اساتذہ کے لیے معاون مواد رکھا گیا ہے کہ طلبہ کو کہانیوں اور دیگر سرگرمیوں کی مدد سے حروف کس طرح پڑھائے جائیں۔

نیز ٹیچر گائڈ میں قرآن لیب کی سرگرمیاں بھی دی گئی ہیں۔ سبق کے اعتبار سے دی گئی سرگرمیاں سیکھے ہوئے مضمون کو پختہ کرنے میں مددگار ثابت ہوتی ہیں، اسی طرح ان سرگرمیوں سے طلبہ سیکھنے کے عمل میں کتنا مشغول ہیں اس کا بھی پتہ چلتا ہے، جس کے نتیجے میں اعلیٰ درجہ کی تعلیم کا حصول ممکن ہوتا ہے۔

حصہ دوم: اس میں اسلامیات کے عنوان پر آسان اور سہل انداز میں اسباق دیے گئے ہیں، ہر سبق میں یہ مضامین شامل ہیں: عقائد، دعا، حدیث، اخلاق، سیرت، قرآن۔ ان مضامین کا انتخاب اس طرح کیا گیا ہے کہ طلبہ کو روزانہ کی زندگی سے مانوس لگیں اور عمل کرنے اور سمجھنے کے اعتبار سے آسان محسوس ہوں۔ روزانہ پڑھی جانے والی سورتیں اور بعض آیات، دعائیں اور اذکار زبانی یاد کروانے کا اہتمام کیا جائے۔

کورس کی ترتیب و تنظیم:

1. اس کورس کو بہتر انداز میں مکمل کرنے کے لیے ہفتہ بھر میں کم از کم چار تدریسی گھنٹے (پیریڈ) مطلوب ہیں۔
2. بہتر یہ ہے کہ انڈر اسٹینڈ قرآن اکیڈمی کی جانب سے سند یافتہ ٹیچر یہ کورس پڑھائے، ٹیچر ٹریننگ کی سند کے تعلق سے ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کی جا سکتی ہے۔
3. یہ کورس اسمارٹ کلاس روم میں پریزینٹیشن اور ویڈیو کی مدد سے بھی پڑھایا جا سکتا ہے۔
4. یہ کورس ٹیکسٹ بک، ورک بک، پریزینٹیشن، ویڈیوز، پوسٹرز، فلیش کارڈز، گیمس اور ٹیچر گائڈ پر مشتمل ہے۔
5. سیکھنے کے عمل کو بڑھانے اور طلبہ کو مشغول رکھنے کے لیے قرآن لیب کی سرگرمیاں (activities) اس نصاب کا حصہ ہیں۔
6. مزید تفصیلات کے لیے ویب سائٹ سے رجوع کیا جائے: www.understandquran.com/teacher_resources.html

یہ تفصیل اس وقت ہے جب اس کورس کے لیے تیس ہفتے (3 پیریڈ / ہر ہفتہ = 90 پیریڈ مجموعی طور پر) مخصوص کیے جائیں۔ یہاں سالانہ شیڈول کا ایک نمونہ دیا جا رہا ہے۔

سبق: 1 تا سبق: 12 میں ہر سبق کے لیے چار پیریڈ مطلوب ہیں۔ پہلے پیریڈ میں حروف کی تشریح اور مشق ہو جبکہ بقیہ پیریڈ قرآن لیب کے لیے ہوں۔ اس میں ورک بک اور دیگر تعلیمی سرگرمیاں کروائی جائیں۔ مجموعی پیریڈ: 48 پیریڈ

اسلامیات (8 اسباق – ہر سبق کے لیے 2 پیریڈ، اعادہ کے لیے ایک پیریڈ) مجموعی پیریڈ: 24 پیریڈ

کوئز، امتحان اور اعادہ مجموعی پیریڈ: 18 پیریڈ

# ہدایات برائے اسباق کی منصوبہ بندی

نیچے لیسن پلان کے اجزاء متعینہ وقت کے ساتھ ذکر کیے گئے ہیں، استاد اپنی ضرورت کے لحاظ سے انہیں لے سکتا ہے۔ مزید تفصیلات کے لیے اس لنک سے استفادہ کریں:

www.understandquran.com/teacher_resources.html

| نمبرشمار | عنوان | وقت (منٹ) |
|---|---|---|
| 1 | ابتداء / سلام (تفصیلی فہرست کے لیے ٹیچر گائڈ دیکھیں)<br>• کلاس میں استاد کی آمد نہایت پرجوش اور بہتر انداز میں اور مسکراہٹ بھرے چہرے کے ساتھ ہو!<br>• استاد تمام طلبہ کی جانب دیکھتا ہے اور خوشگوار طریقے سے اتنی آواز میں سلام کرے کہ تمام طلبہ سن سکیں۔<br>• ابتدائی پانچ منٹ میں اپنا سامان مرتب کرنے یا حاضری لینے کا کام نہ کریں نہ ہی طلبہ کو کسی دوسرے کام میں لگائیں۔<br>• طلبہ سے مثبت اور شوق دلانے والا نکتہ کہیں، درسگاہ میں خوشی اور مثبت ماحول پیدا کرنے کی غرض سے طلبہ کو احساس دلائیں کہ آج آپ بہت اچھے موڈ میں ہیں۔ طلبہ میں موجود خامیوں یا کوئی اور منفی بات کا یا نظام یا موسم وغیرہ کے منفی پہلوؤں پر تبصرہ نہ کریں۔<br>• طلبہ سے پوچھیں: ''کَیْفَ حَالُکُمْ'' اور انہیں جواب میں مسکراتے ہوئے ''اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ'' کہنا سکھائیں۔ | 1 |
| 2 | تزکیہ: (اللہ کا ذکر)<br>کسی ذکر یا دعا کو منتخب کریں اور اسے لفظی ترجمہ کے ساتھ تین مرتبہ دہرائیں، پھر اس کے بعد دعا یا ذکر کی صرف عربی عبارت اس مقصد سے دہرائیں کہ طلبہ کو وہ دعا یا ذکر اور اس کا ترجمہ زبانی یاد کرنے میں مدد ہو۔ ایک ہی دعا ہفتہ بھر یا اس سے زیادہ پڑھائی جاسکتی ہے۔ | 1 |
| 3 | تربیت / زندگی میں کام آنے والی مہارتیں: (اسلام پر روزانہ کی زندگی میں عمل کرنے کے لیے رہنمائی کرنا)<br>• طلبہ میں زندگی میں کام آنے والی مہارتیں پیدا کرنا اور انہیں اچھے اخلاق سے آراستہ کرنا تدریس کا ایک اہم اور بنیادی حصہ ہے۔<br>• روزانہ طلبہ کو قرآن مجید اور سنت رسول ﷺ کی روشنی میں حاصل ہونے والی مہارتوں سے آگاہ کرتے رہیں۔<br>• مثال کے طور پر مسکرانا، غصہ پر قابو پانا، والدین کو خوش رکھنا، سلام کرنا، دوسروں کی غلطیوں کو معاف کرنا، خود کی غلطی پر معافی مانگ لینا وغیرہ۔ یہ تمام چیزیں سیرت رسول ﷺ، صحابہ کرام اور نیک لوگوں کے واقعات کی مدد سے سکھائی جائیں۔ | 1 |
| 4 | طلبہ کے لیے دعا:<br>• استاد و شاگرد کے درمیان ایک سچا اور مفید تعلق پیدا کرنے کے لیے یہ بہت ضروری ہے کہ استاد اپنے طلبہ کے حق میں خیر خواہ ہو۔ اس کا آسان طریقہ یہ ہے کہ وہ روزانہ طلبہ کو کوئی نہ کوئی دعا دیتا رہے۔ مثال کے طور پر استاد اپنے شاگرد کو دعا دیتے ہوئے کہے: اللہ تعالیٰ آپ کو دنیا میں بھی کامیابی عطا فرمائے اور آخرت میں جنت سے نوازے۔ | ½ |
| 5 | اسلامی تعلیمات (اسلامیات): اس حصہ میں اسلامیات کے مضامین مختصر انداز میں شامل کیے گئے ہیں۔ | 5 |
| 6 | سورتوں کی مشق (حفظ اور تجوید میں مہارت): طلبہ استاد کے پڑھنے کے بعد دہرائیں اور اس دوران استاد تجوید میں ہونے والی عام غلطیوں کی نشاندہی کرلے۔ | 2 |
| 7 | اعادہ: نئے سبق کی ابتدا کرنے سے پہلے گزشتہ سبق کا اعادہ کرلیا جائے، اس سے گزشتہ اسباق میں پڑھے گئے مواد کو ذہن میں تازہ رکھنا آسان ہوتا ہے۔ اسباق کے اعادہ کے لیے ایک مجوزہ خاکہ ٹیچرس گائڈ کے تحت فراہم کیا گیا ہے۔ | 3 |
| 8 | ''آؤ قرآن پڑھیں'' سبق:<br>ہر سبق کو پڑھنے سے حاصل ہونے والے فوائد و نتائج کی فہرست بنائیں۔ نیز نئے سبق کی ابتدا کرنے سے پہلے کچھ سوالات ضرور پوچھے جائیں۔<br>واضح ہدایات: اس کے تحت عنوان، کسی قاعدہ یا حرف کی وضاحت یا استعمال کے لیے کچھ مثالیں دی گئی ہیں (اگر ضرورت ہو تو) | 10 |
| 9 | مشق:<br>بصری ذخیرۂ الفاظ پیدا کریں: یعنی طلبہ میں ایسی مہارت پیدا کی جائے کہ وہ کسی بھی لفظ کو دیکھ کر ایک سیکنڈ میں اسے پہچان لیں۔ یہ اس وقت ممکن ہوگا کہ طلبہ مختلف الفاظ استاد کے پڑھانے کے بعد کئی بار دہرائیں، اس بات کو یقینی بنائیں کہ طلبہ دو سیکنڈ کے اندر الفاظ کو پڑھنے کے قابل بن جائیں۔<br>صوتی ذخیرۂ الفاظ پیدا کریں: یعنی طلبہ اس قابل ہوں کہ استاد سے سننے کے بعد فوراً وہ اس لفظ کو دہرا سکیں۔ | 8 |
| 10 | قرآن لیب: اس سیشن کو قرآن لیب میں منعقد کیا جائے جہاں قرآن کی زبان سیکھنے میں معاون وسائل موجود ہوں، جیسے فلیش کارڈز، پوسٹرز، ریت پر لکھنا، بلاک، پہیلیاں اور دیگر تعلیمی سرگرمیاں۔ کوشش کریں کہ طلبہ مشغول رہیں اور معیاری تعلیم حاصل کریں، اس بات کو یقینی بنائیں کہ طلبہ سخت محنت کریں اور گروپس کے آپسی مقابلے اور لکھنے کی مشق بھی ہو۔ | 30 |
| 11 | طلبہ کا جائزہ:<br>• اجتماعی جائزہ: استاد تمام طلبہ کا مجموعی طور پر امتحان لے کہ ان کی الفاظ کو سمجھنے، یاد کرنے کی بصری و صوتی صلاحیت کیسی ہے۔<br>• انفرادی جائزہ: جو طلبہ پڑھنے اور سیکھنے کے مرحلہ میں کمزور محسوس ہوں ان کو مزید توجہ اور اصلاح کی غرض سے اضافی کلاس میں بھیجیں۔ خلاصہ یہ کہ طالب علم پڑھنے، لکھنے قرآنی الفاظ کو درست ادا کرنے اور تلاوت کے دوران قواعد تجوید کا اطلاق کرنے کے قابل ہو جائے۔ | 5 |
| 12 | نظر ثانی اور سبق کا اختتام: کلاس میں طلبہ نے جو کچھ پڑھا، مختصر طور پر اس کا خلاصہ پیش کیا جائے۔ | 2 |




# تعارفِ مخارِج حروفِ تہجّی

حروف کی آواز کے نکلنے کی جگہ کو مخرَج کہتے ہیں، مخارِج ، مخرَج کی جمع ہے، کسی حرف کا مخرَج معلوم کرنا ہو تو اس کو ساکن کردیں اور اس سے پہلے زبر والا الف (اَ) یعنی ہمزہ لگا کر پڑھیں، جہاں آواز ختم ہو وہی اس حرف کا مخرَج ہوگا، جیسے : اَجْ، اَمْ، اَقْ وغیرہ۔

مخارِج کو یاد رکھنے کے لیے ایک نظم دی جا رہی ہے، اس کو اچھی طرح یاد کر لیجیے، معلّمین سے گزارش ہے کہ جب وہ نظم پڑھائیں تو ہر مخرَج پر (خود کے چہرے پر) انگلی سے اشارہ کریں اور بچوں سے بھی کروائیں۔

## حروف تہجی کی نظم

چار ہیں ہونٹوں سے: م ب و ف

زبان کی نوک سے ہیں بارہ:

ث ذ ظ، ت د ط، ز س ص، ل ن ر

زبان کے بیچ سے ہیں: ج ش ی

اور کناروں سے ہیں: ض ك ق

چھ ہیں حلق سے: ء ہ، ع ح، غ خ


اور منھ کے خالی حصہ سے الف




موٹا، اونچا (استعلاء)




بہت موٹا، اونچا (إطباق)



نیچا (استفالہ)




موٹا (تفخیم)

**نوٹ:** اس قاعدے میں مخارِج کا لحاظ کرکے حروف کو ترتیب دیا گیا ہے، تاکہ حروف کے ساتھ آسانی سے مخارِج بھی یاد ہو جائیں، آسانی کے لیے ہر حرف کے ساتھ اس کا تلفظ بھی دیا گیا ہے، بچوں کو اسی طرح حروف یاد کرائے جائیں۔

بچوں کے ذہنوں میں یہ بات بٹھا دینی چاہیے کہ ہر حرف کو عربی کے صحیح مخرَج کے ساتھ ہی سیکھنا چاہیے۔

# عربی حروف بنانے کی لکیریں (سٹروکس)

عربی زبان لکھنے کے لیے تین تین لکیروں کے چار ایسے مجموعے تیار کیے گئے ہیں جو لکھاوٹ سکھانے کو انتہائی آسان اور دلچسپ کر دیتے ہیں، مثلاً: س لکھنا ہو تو بجائے ہم یہ کہیں کہ اس طرح اس طرح لکھو، ہم کہیں گے چھوٹا کپ، چھوٹا کپ اور بڑا کپ۔



کھڑی لکیر ( )، آڑی لکیر ( )، ٹیڑھی لکیر ( )، پاؤ دائرہ ( )، آدھا دائرہ ( )، پورا دائرہ ( )

منی بوٹ ( )، چھوٹا کپ ( )، بڑا کپ ( )، زبان ( )، چھوٹا ٹہک ( )، بڑا ٹہک ( )

اب ان لکیروں سے ہم سارے حروف کچھ اس طرح لکھ سکتے ہیں

| | | |
|---|---|---|
| م: دائرہ، ٹیڑھی لکیر، کھڑی لکیر | ز: پاؤ دائرہ پر نقطہ | ج: آڑی لکیر، بڑا ٹہک، اندر نقطہ |
| ب: منی بوٹ کے نیچے نقطہ | س: چھوٹا کپ، چھوٹا کپ، بڑا کپ | ش: چھوٹا کپ، چھوٹا کپ، بڑا کپ، اوپر تین نقطے |
| و: چھوٹا دائرہ، آدھا دائرہ | ص: زبان، بڑا کپ | ی: چھوٹا ٹہک، بڑا کپ |
| ف: چھوٹا دائرہ، منی بوٹ اور نقطہ | ل: کھڑی لکیر، بڑا کپ | ض: زبان پر نقطہ، بڑا کپ |
| ث: منی بوٹ پر تین نقطے | ن: بڑے کپ میں نقطہ | ك: کھڑی لکیر، منی بوٹ |
| ذ: آدھا دائرہ، نقطہ | ر: پاؤ دائرہ | ق: پورا دائرہ، بڑا کپ، دو نقطے |
| ظ: زبان، کھڑی لکیر، نقطہ | ء: چھوٹا ٹہک، ٹیڑھی لکیر<br>ہ: پورا دائرہ | ع: چھوٹا ٹہک، بڑا ٹہک<br>ح: آڑی لکیر، بڑا ٹہک |
| ت: منی بوٹ پر دو نقطے | | غ: چھوٹے ٹہک پر نقطہ، بڑا ٹہک<br>خ: آڑی لکیر پر نقطہ، بڑا ٹہک |
| د: آدھا دائرہ | | |
| ط: زبان، کھڑی لکیر | | |

مَ بِ وَ فَ | ثَ ذَ ظَ تَ دَ طَ زَ سَ صَ لَ نَ رَ | جَ شَ ی | ضَ كَ قَ | ءَ ہَ عَ حَ غَ خَ ا

سبق 01

## میم - باء

| | |
|---|---|
| م | ب |

لکھنے کی مشق

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| م | ب | م | ب | م |
| ب | م | ب | م | ب |
| م | ب | م | ب | م |

| مَ بَ وَ فَ | ثَ ذَ ظَ | تَ دَ طَ | زَ سَ صَ | لَ نَ رَ | جَ شَ ىَ | ضَ كَ قَ | ءَ هَ | عَ حَ غَ خَ | ا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|

سبق 02

## واؤ - فاء

| و | ف |
|---|---|

### لکھنے کی مشق

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| و | ف | و | ف | و |
| ف | و | ف | و | ف |
| م | ف | و | ب | ف |
| و | م | ف | م | و |

## سبق 03

## ثاء - ذال - ظاء

| | | |
|---|---|---|
| ظ | ذ | ث |

### لکھنے کی مشق

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ظ | ث | ظ | ذ | ث |
| ذ | ب | و | ف | و |
| و | ظ | ذ | ث | م |
| ف | و | ث | ب | ذ |

| مَ بِ وُ فَ | ثَ ذَ ظَ تَ دَ طَ زَ سَ صَ لَ نَ رَ | جَ شَ ی | ضَ كَ قَ | ءَ ہَ عَ حَ غَ خَ | ا |
|---|---|---|---|---|---|

سبق 04

## تاء - دال - طاء

| ت | د | ط |
|---|---|---|

### لکھنے کی مشق

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ت | د | ط | ذ | ظ |
| ث | ذ | ظ | د | ط |
| ف | م | ذ | و | ب |
| ب | و | ف | م | ث |

مَ ب وَ ف | ثَ ذَ ظَ تَ دَ طَ زَ سَ صَ لَ نَ رَ | جَ شَ ی | ضَ كَ قَ | ءَ هَ عَ حَ غَ خَ ا

سبق 05

## زاء - سین - صاد

# ز س ص

### لکھنے کی مشق

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| س | ز | ص | ظ | ث |
| ص | و | ط | ب | ف |
| ط | د | م | ظ | س |
| ب | ز | ف | ص | ث |

## سبق 06

## لام - نون - راء

| | | |
|---|---|---|
| ل | ن | ر |

### لکھنے کی مشق

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ن | ر | ل | ث | ز |
| ب | ذ | ظ | ف | ر |
| ث | س | ص | ت | و |
| ث | ل | ظ | س | د |

مَ ب وَ ف | ثَ ذَ ظَ تَ دَ طَ زَ سَ صَ لَ نَ رَ | جَ شَ ی | ضَ كَ ق | ءَ ہ عَ حَ غَ خَ | ا

## سبق 07

## جیم - شین - یاء

| ج | ش | ي |
|---|---|---|

### لکھنے کی مشق

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ج | ي | ش | ف | و |
| ن | س | ي | و | ز |
| س | ص | ث | ي | ل |
| ظ | ش | ط | ج | و |

## سبق 08

## ضاد - كاف - قاف

# ض ك ق

### لکھنے کی مشق

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ق | ك | ض | ش | و |
| ف | ل | ص | س | ر |
| ب | ن | ظ | ك | ق |
| ك | ق | ط | ر | ذ |

## سبق 09

## حلق کے حروف - (همزه ـ هاء)

| | |
|---|---|
| ه | ء |

### لکھنے کی مشق

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ذ | د | ي | ه | ء |
| ي | ء | ف | ذ | ي |
| ض | و | ب | ء | ج |
| ظ | ع | ث | د | ف |

## سبق 10

## حلق کے حروف - (عین - حاء)

# ع ح

### لکھنے کی مشق

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| س | ء | ج | ح | ع |
| ص | ذ | ي | س | ء |
| ل | ہ | ع | ش | ض |
| م | ذ | ح | ع | ظ |

# سبق 11

## حلق کے حروف - (غین - خاء)

| غ | خ |
| --- | --- |

### لکھنے کی مشق

| | | | | |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| غ | خ | ء | ي | ج |
| ع | ح | ہ | ش | ن |
| ء | ج | د | ظ | خ |
| و | س | ز | ل | خ |

مَ بَ وَ فَ | ثَ ذَ ظَ تَ دَ طَ زَ سَ صَ لَ نَ رَ | جَ شَ ىَ | ضَ كَ قَ | ءَ هَ عَ حَ غَ خَ | ا

سبق 12

## حروفِ تہجّی

### حروفِ تہجّی (مخارِج کی ترتیب سے)

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| م | ب | و | ف | ا | |
| ث | ذ | ظ | ت | د | ط |
| ز | س | ص | ل | ن | ر |
| ج | ش | ى | ض | ك | ق |
| ء | ه | ع | ح | غ | خ |

### حروفِ تہجّی (رائج ترتیب)

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ا | ب | ت | ث | ج | ح |
| خ | د | ذ | ر | ز | س |
| ش | ص | ض | ط | ظ | ع |
| غ | ف | ق | ك | ل | م |
| ن | و | ه | ء | ى | |

# مشق

الف کی مختصر شکل نہیں ہے، الف کے اوپر فتحہ یا کوئی دوسری حرکت ہو تو سمجھ لیں کہ وہ ہمزہ ہے۔

| | |
|---|---|
| ا | ا |
| ـاَ | ـاَ |

اس سبق میں پڑھے گئے حرف کی مشق کیجیے

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَ | ـاَ | اَ | ـاَ | ـاَ |

## ورک بک: سبق -12

نیچے دیے گئے خالی خانوں کو مناسب حرف لکھ کر پر کیجیے:

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| م | | و | | ا | |
| ث | ذ | | | د | ط |
| ز | | ص | ل | | |
| | ش | ى | | ك | ق |
| ء | ه | ع | | غ | |


اسلامیات
عقائد
قرآن
اخلاق وآداب
حدیث
سیرت رسول ﷺ
دعا

# سبق - 1

**عقائد**

سُبۡحَانَ اللهِ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَاللهُ اَكۡبَرُ
وَلَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ الۡعَلِيِّ الۡعَظِيۡمِ.

**قرآن**

پوری سورہ فاتحہ کا اعادہ کروایا جائے اور ترجمہ بھی یاد کروانے کی کوشش ہو۔

**حدیث**

اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا:

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِأُمَّتِي فِي بُكُوْرِهَا (ابو داؤد:٢٦٠٦)

ترجمہ: اے اللہ! میری امت کے لیے صبح کے وقت میں برکت عطا فرما۔

**دعا**

گھر سے باہر نکلتے وقت یہ دعا پڑھیں:

بِسۡمِ اللهِ تَوَكَّلۡتُ عَلَى اللهِ، لَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ (ابو داؤد:٥٠٥٩)

**سیرت رسول ﷺ**

ہمارے نبی ﷺ نے تریسٹھ (63) سال کی عمر میں وفات پائی، آپ نے اپنی زندگی کے ترپن (53) سال مکہ میں اور دس (10) سال مدینہ میں گزارے۔

**اخلاق و آداب**

پانی پینے کے آداب: (اشاروں کے ذریعہ طلباء میں دلچسپی پیدا کرتے ہوئے یاد دلوایئے)۔

1. دائیں ہاتھ سے پانی پینا۔ (مسلم:٢٠٢٠)
2. بیٹھ کر پینا۔ (مسلم:٢٠٢٤)
3. دیکھ کر پینا۔ (ترمذی:١٨٨٧)

# سبق - 2

**عقائد**

سُبۡحَانَ اللّٰهِ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكۡبَرُ
وَلَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الۡعَلِيِّ الۡعَظِيۡمِ.

ترجمہ: پاک ہے اللہ تعالیٰ اور تمام تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ بہت بڑا ہے۔ گناہوں سے بچنے کی طاقت اور نیک کام کرنے کی قوت اللہ ہی کی طرف سے ہے جو بلند مرتبہ اور عظمت والا ہے۔

نوٹ: اس مہینہ میں کلمہ کا اعادہ ہو اور اس کا ترجمہ بھی یاد کروایا جائے۔

**قرآن**

اِنَّآ اَعۡطَيۡنٰكَ الۡكَوۡثَرَ ﴿۱﴾ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانۡحَرۡ ﴿۲﴾
اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الۡاَبۡتَرُ ﴿۳﴾

ترجمہ: (اے نبیؐ) ہم نے آپ کو کوثر عطا کر دیا، پس آپ اپنے رب کیلئے نماز پڑھو اور قربانی کرو، بے شک آپ کا دشمن ہی جڑ کٹا ہے۔

نوٹ: سورہ کوثر پہلے پڑھا دی گئی ہے، اس بار اس کا اعادہ کروایا جائے اور ترجمہ بھی یاد کروایا جائے۔

**حدیث**

اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا: خَيۡرُكُمۡ مَّنۡ تَعَلَّمَ الۡقُرۡآنَ وَعَلَّمَهُ (بخاری:۵۰۲۷)

ترجمہ: تم سے سب بہترین وہ ہے جو قرآن کو سیکھے اور سکھائے۔

**دعا**

گھر سے باہر نکلتے وقت یہ دعا پڑھیں:

بِسۡمِ اللّٰهِ تَوَكَّلۡتُ عَلَى اللّٰهِ، لَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ (ابو داؤد:۵۰۹۵)

ترجمہ: اللہ کے نام سے، میں نے اللہ پر بھروسہ کیا، نہیں کوئی قدرت اور نہیں کوئی طاقت سوائے اللہ کے۔

نوٹ: اس مہینہ میں دعا کا اعادہ ہو اور اس کا ترجمہ بھی یاد کروایا جائے۔)

**سیرت رسول ﷺ**

ہمارے نبی ﷺ پر پورا قرآن تیئیس (23) سال کی مدت میں تھوڑا تھوڑا ہو کر نازل ہوا۔

**اخلاق و آداب**

پانی پینے کے آداب: (اشاروں کے ذریعہ طلباء میں دلچسپی پیدا کرتے ہوئے یاد دلوایئے)۔

4. بِسۡمِ اللّٰهِ پڑھ کر پینا۔ (بخاری:۵۶۳۱))۔ 5. تین سانس میں پینا۔ (مسلم:۲۰۲۸)
6. پینے کے بعد اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ کہنا۔ (مسلم:۲۷۳۴)

# سبق - 3

**عقائد**

اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَمَلَائِكَتِه وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ
وَالْقَدْرِ خَيْرِهٖ وَشَرِّهٖ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى وَالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ

**قرآن**

اَللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ (زمر:۶۲)

ترجمہ: اللہ ہی ہر چیز کو پیدا کرنے والا ہے اور وہ ہر چیز پر نگہبان ہے۔

نوٹ: آیت اور ترجمہ دونوں یاد کروایا جائے۔

**حدیث**

اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا:

إِنَّ أَصْدَقَ الْحَدِيْثِ كِتَابُ اللّٰهِ (نسائی:۱۵۷۸)

ترجمہ: بے شک سب سے سچی بات اللہ کی کتاب ہے۔

**دعا**

رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا (طٰہٰ : ۱۱۴)

ترجمہ: اے میرے رب! مجھے علم کے اعتبار سے بڑھائیے۔

(نوٹ: دعا اور اس کا ترجمہ دونوں یاد کروایا جائے۔)

**سیرت رسول ﷺ**

جب ہمارے نبی ﷺ کے دادا کا انتقال ہوا تو پھر آپ اپنے چچا "ابوطالب" کی پرورش میں رہنے لگے۔ ابوطالب آپ ﷺ کے والد کے بڑے بھائی تھے اور وہ آپ ﷺ کو بہت چاہتے تھے اور آپ کا خوب خیال رکھتے تھے۔

**اخلاق وآداب**

پانی پینے کی دعا اور آداب کا اعادہ کروایا جائے، نیز یہ باتیں بھی سکھائی جائیں:

- ❖ رات کے وقت کھانے یا پانی کے برتن کو کھلا نہ رکھا جائے بلکہ ڈھانپ کر رکھا جائے۔
- ❖ پانی پینے سے پہلے گلاس وغیرہ کو اچھے سے دھولیا جائے۔
- ❖ جب کھیل کر آئیں تو فوراً پانی نہ پیا جائے، بلکہ تھوڑا رک کر پیا جائے۔

# سبق - 4

**عقائد**

اٰمَنْتُ بِاللهِ وَمَلَائِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ
وَالْقَدْرِ خَيْرِهٖ وَشَرِّهٖ مِنَ اللهِ تَعَالٰى وَالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ

ترجمہ: میں ایمان لایا اللہ پر، فرشتوں پر، کتابوں پر، رسولوں پر، آخرت کے دن پر اور اچھی اور بری تقدیر پر کہ وہ اللہ ہی کی طرف سے ہے اور موت کے بعد دوبارہ اٹھائے جانے پر۔

نوٹ: دعا کا اعادہ ہو اور ترجمہ یاد کروایا جائے۔

**قرآن**

سورۃ العصر زبانی یاد کروائی جائے۔

**حدیث**

اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا:

وَأَحْسَنَ الْهَدْيِ هَدْيُ مُحَمَّدٍ ﷺ (نسائی:۱۵۷۸)

ترجمہ: اور بہترین طریقہ حضرت محمد ﷺ کا طریقہ ہے۔

**دعا**

جب کسی کو چھینک آئے تو اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ کہے، اور اس کے جواب میں سننے والا "يَرْحَمُكَ اللهُ" کہے پھر چھینکنے والا اس کے جواب میں یہ کہے: يَهْدِيكُمُ اللهُ وَ يُصْلِحُ بَالَكُمْ (بخاری:۶۲۲۴)

**سیرت رسول ﷺ**

ہمارے نبی ﷺ پر سب سے پہلے جو وحی نازل ہوئی وہ یہ تھی:

اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِىْ خَلَقَ (علق: ۱)

ترجمہ: پڑھیے اپنے اس رب کے نام سے وہ جس نے پیدا کیا

**اخلاق و آداب**

بیت الخلاء کے آداب:

1. چپل جوتا وغیرہ پہن کر جانا۔
2. سر ڈھانک کر جانا۔
3. اندر جانے سے پہلے دعاء پڑھنا۔
4. پہلے بایاں پیر اندر رکھنا۔

# سبق - 5

**عقائد**

دین اسلام سب سے سچا اور آخری دین ہے، اب اس کے علاوہ کوئی دوسرا دین اللہ کے یہاں قبول نہیں کیا جائے گا۔

**قرآن**

سورۃ العصر کا ترجمہ یاد کروایا جائے۔

**حدیث**

اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا:

اَلدِّیْنُ النَّصِیْحَةُ (مسلم:۵۵)

ترجمہ: دین سراسر خیر خواہی کا نام ہے۔

**دعا**

کوئی بری خبر سنیں تو یہ دعا پڑھیں:

اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَیْهِ رٰجِعُوْنَ (بقرۃ:۱۵۶)

ترجمہ: بے شک ہم سب اللہ ہی کے لیے ہیں اور ہم سب اُسی کی طرف لوٹنے والے ہیں۔

**سیرت رسول ﷺ**

جب بھی حضرت محمد ﷺ کا نام لیا جائے تو "صلی اللہ علیہ وسلم" بولنا چاہیے، اس طرح کرنے سے ہمیں اللہ کی رحمتیں نصیب ہوتی ہیں۔

**اخلاق و آداب**

بیت الخلاء کے آداب:

5. قبلہ کی طرف منھ اور پیٹھ نہ کرنا۔ (بخاری:۳۹۴)

6. غیر ضروری باتیں نہ کرنا۔ (ابو داؤد:۱۵)

7. کھڑے ہو کر پیشاب نہ کرنا۔ (ترمذی:۱۲)

8. بائیں ہاتھ سے استنجاء کرنا۔ (ابو داؤد:۳۳)

# سبق - 6

**عقائد**

جولوگ اللہ کی فرماں برداری کرتے ہیں اللہ ان سے خوش ہوتا ہے اور جو اللہ کی نافرمانی کرتے ہیں اللہ ان سے ناراض ہوتا ہے۔

**قرآن**

اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ (بقرۃ:۱۵۳)

ترجمہ: بے شک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔

**حدیث**

اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا:

أَفْشُوا السَّلَامَ بَيْنَكُمْ (مسلم:۵۴)

ترجمہ: آپس میں سلام کو عام کرو۔

**دعا**

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ (اعراف:۴۷)

ترجمہ: اے ہمارے رب! آپ ہمیں ظالم لوگوں کے ساتھ شامل نہ فرمائیے۔

**سیرت رسول ﷺ**

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ تمام لوگوں میں سب سے اچھے اخلاق والے تھے۔

**اخلاق وآداب**

بیت الخلاء کے آداب کا اعادہ کروایا جائے، نیز یہ باتیں بھی سکھائی جائیں:

- ❖ استنجاء سے فارغ ہونے کے بعد صابن وغیرہ سے ہاتھ دھوئے جائیں۔
- ❖ بیت الخلاء سے نکلتے وقت پہلے دایاں پیر باہر نکالیں۔
- ❖ بیت الخلاء سے نکلنے کے بعد یہ دعا پڑھیں:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ أَذْهَبَ عَنِّى الْأَذٰى وَعَافَانِيْ (ابن ماجہ:۳۰۱)

# سبق - 7

**عقائد**

اللہ تعالیٰ نے اپنے فرماں بردار بندوں کے لیے جنت بنائی ہے جس میں ان کو ہر وہ چیز دی جائے گی جس کی وہ خواہش کریں گے۔

**قرآن**

فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ﴿٥﴾ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ﴿٦﴾ (الم نشرح:٥،٦)

ترجمہ: بے شک تکلیف کے ساتھ آسانی ہے، بے شک تکلیف کے ساتھ آسانی ہے۔

**حدیث**

اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا:

اَلْمُسْلِمُ أَخُو الْمُسْلِمِ (مسلم:٢٥٨٠)

ترجمہ: ہر مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے۔

**دعا**

رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَأَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ (مؤمنون:١١٨)

ترجمہ: اے میرے رب! آپ بخش دیجیے اور رحم فرمائیے اور آپ ہی سب سے بہترین رحم کرنے والے ہیں۔

**سیرت رسول ﷺ**

رسول اللہ ﷺ نے ساری زندگی اس طرح گزاری کہ اپنی جانب سے کسی پر نہ کبھی زیادتی ہونے دی نہ کسی کا حق دبایا۔

**اخلاق و آداب**

بیت الخلاء کے آداب کا اعادہ کروایا جائے، نیز یہ باتیں بھی سکھائی جائیں:

- بیت الخلاء میں بغیر ضرورت بات نہ کریں۔
- ضرورت سے زیادہ پانی خرچ نہ کریں۔
- اپنی ضرورت خود اپنے ہاتھ سے پورا کرنا سیکھیں۔

# سبق - 8

**عقائد**

نافرمان بندوں کے لیے اللہ تعالیٰ نے جہنم بنائی ہے جہاں ان کی نافرمانی کی وجہ سے ان کو سخت سے سخت عذاب دیا جائے گا۔

**قرآن**

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ (احزاب:۲۱)

ترجمہ: یقیناً تمہارے لیے اللہ کے رسول میں بہترین نمونہ ہے۔

**حدیث**

اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا:

اَلْخَالَةُ بِمَنْزِلَةِ الْأُمِّ (بخاری:۲۶۹۹)

ترجمہ: خالہ کا درجہ ماں کے برابر ہے۔

**دعا**

رَبِّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ فَاغْفِرْ لِيْ (قصص:۱۶)

ترجمہ: اے میرے رب! میں نے اپنے آپ پر زیادتی کی پس آپ مجھ کو معاف فرمائیے۔

**سیرت رسول ﷺ**

رسول اللہ ﷺ کی زندگی میں ہمارے لیے بہترین نمونہ ہے ہمیں اپنی زندگی کے ہر موڑ پر رسول اللہ ﷺ کی اتباع کرنا چاہیے۔

**اخلاق وآداب**

استنجاء کے آداب کا اعادہ ہو اور جو اس پر عمل کر رہا ہو اس کی ہمت افزائی کی جائے اور جو عمل نہ کرتا ہو اسے عمل کرنے پر ابھارا جائے۔

# ہدایات برائے اساتذہ - حروف کی تعلیم

اس کتاب میں طلبہ کو حروف تہجی آسان اور دلچسپ انداز میں سکھانے کے لیے کچھ شکلوں اور مثالوں کا سہارا لیا گیا ہے، آپ جب بھی کوئی حرف سکھائیں تو اس وقت اس حرف کے لیے ٹائٹل کے اندرونی صفحات پر دی گئی تصویروں اور مندرجہ ذیل کہانیوں کو خاص طور پر استعمال کریں، ان شاءاللہ اس طرح سے بچوں میں دلچسپی بھی پیدا ہوگی اور وہ حروف کی شناخت بھی بآسانی کر سکیں گے۔

**سبق : -۱**

م ما ئک کی شکل میم کے جیسی ہی ہے، ما ئک کی شکل یاد ہوجائے گی تو میم کی شکل بھی یاد ہوجائے گی۔ ما ئک میم، ما ئک میم۔

ب بال اور بیٹ، دونوں باء کی آواز سے شروع ہوتے ہیں اور دونوں مل کر ''ب'' بنا رہے ہیں۔ بار بار دہرائیے: بال اور بیٹ، بال اور بیٹ۔

**سبق : -۲**

و کیا آپ بول سکتے ہیں ''واوٗ''، ''واوٗ! بہت اچھا''۔ اب منھ کی طرف دیکھیے کہ یہ گول ہے، واوٗ کا حرف بھی گول ہے اور اُس کی دُم بھی ہے۔ کیا آپ بول سکتے ہیں: ''واوٗ، واوٗ''۔

ف ''ف'' فون کے ریسیور کی طرح ہے جس سے آواز باہر آرہی ہے۔ یہ مڑی ہوئی انگلی کی طرح بھی لگتا ہے، یہ چاہتا ہے کہ اُس کے سر پر پھول ہو، دیکھیے آپ کے اطراف میں '' ف '' جیسی کوئی چیز نظر آرہی ہے؟

---

**سبق : -۳**

ث ''ث'' کو پھل کھانا بہت پسند ہے، وہ ہمیشہ تین پھل (ثَلَاثَةُ ثَمَر) اپنے اوپر لے کر چلتا ہے۔

ذ یہ ہے مکھی، اس کو عربی میں ''ذُبَاب'' کہتے ہیں۔ ذال کی آواز پر غور کیجیے، ''زُبَاب'' نہیں ''ذُبَاب''۔ آپ اگلے سبق میں پڑھیں گے کہ ''د'' درانتی سے بنا تھا، ''ذُبَاب'' ذذذذ کرتے ہوئے دال پر بیٹھی جس سے '' د'' '' ذ'' بن گئی۔ ''ذُبَاب'' سے ذال۔

ظ ظ سے ظبي (ہرن) ظ ہمیشہ اپنے اوپر ظبي (ہرن) کو بٹھائے رہتا ہے اس لیے ظبي سے ''ظ''۔

---

**سبق: -۴**

ت ''ت'' تربوز کو بہت پسند کرتا ہے، جی ہاں! یہی وجہ ہے کہ اگر ہم تربوز کاٹیں تو ''ت'' نکلتا ہے۔

د ''د'' تربوز کو کاٹا تو ''ت'' نکلا، تربوز کو ہم نے کس سے کاٹا؟ درانتی سے کاٹا، درانتی کو دیکھیے، یہ ''د'' کی طرح نظر آتی ہے، درانتی سے ''د''۔

ط اب اس کٹے ہوئے تربوز کو ''ط'' نے کھایا تو طاقتور بن گیا اور اس کی آواز ہوگئی موٹی: ''ط''، ''ط''۔

---

**سبق: -۵**

ز موز کی آواز اس طرح نکالیے کہ آخر کی ''ز'' کی آواز لمبی اور زوردار ہو، اور پھر کہیے کہ موز کی شکل ''ز'' جیسی ہے۔

س سانپ کی شکل ''س'' جیسی ہے! یہاں پر آپ بچوں کا شوق بڑھانے کے لیے حضرت موسیٰ علیہ السلام کا مختصر قصہ بھی سنا سکتے ہیں، البتہ یہ ضرور کہیں کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی لاٹھی سانپ بن جاتی تھی، مگر یہ سانپ نہیں۔

ص اس ''س'' کا سر بند کر دیا جائے تو وہ موٹا ہوجاتا ہے اور اس کی آواز بھی موٹی ہوجاتی ہے۔ ''ص'' کی آواز کو خوب دہرا کر بتائیے۔

سبق: -٦ ل اللہ کا شکر ہے کہ اللہ نے ہمیں لنگڑا نہیں بنایا، لنگڑے کی لاٹھی کو اُلٹ دیں (لنگڑا، لاٹھی، اُلٹنے پر زور دیں) تو عربی کا حرف "ل" بن جاتا ہے، لنگڑا، لاٹھی۔

ن ناریل میں نقطہ دیں تو وہ "ن" بن جاتا ہے۔

ر (اس حرف سے متعلق تصویر دکھا کر کہیں) اس جانور کو انگریزی میں (Rhino) کہتے ہیں۔ اس کو "ر" بہت پسند ہے، یہ "ر" کو اُٹھائے پھرتا ہے۔ رائنو سے "ر" "ر" "ر"۔

سبق: -٧ ج کیا آپ کو "جامن" پسند ہے؟ "ج" کو بھی جامن بہت پسند ہے اس لیے وہ ہمیشہ اپنے پیٹ میں ایک جامن رکھتا ہے۔

ش سانپ پر بار ش ش ش ش ش (ش کو کھینچ کر زور سے ادا کیا جائے) ہو تو وہ "ش" بن جاتا ہے۔

ی یاء کے لیے آپ خود اسی طرح کوئی آئیڈیا یا کوئی کہانی سوچ سکتے ہیں۔

سبق: -٨ ض (اس حرف سے متعلق تصویر بتا کر کہیں کہ) یہاں کالے خانے میں روشنی کو دیکھیے، عربی زبان میں روشنی کو "ضَوْء" کہتے ہیں۔ یہ "ضَوْء" ص پر پڑی تو وہ ض ہو گیا، ض سے ضَوْء۔

ك (اس حرف سے متعلق تصویر بتا کر کہیں کہ) اس کرسی کو دیکھیے، یہ بالکل "ك" کی طرح ہے، ایک مرتبہ "ك" اپنے دوستوں کے ساتھ کھیل کر بہت تھک گیا، اب وہ بیٹھ کر آرام کرنا چاہتا تھا، اسے ایک کرسی نظر آئی جو بالکل اسی کی طرح تھی، وہ کرسی کے پاس آ کر اس پر بیٹھ گیا اور اپنی ٹوپی اتار کر گود میں رکھ لی۔ اب کرسی بھی "ك" بن گئی، کرسی سے "ك"، "ك"، "ك"۔

ق (اس حرف سے متعلق تصویر بتا کر کہیں کہ) یہ ہے چاند! عربی میں چاند کو "قَمَر" کہتے ہیں، قَمَر نے فاء کو اکیلے دیکھا تو بالکل چھوٹا بن کر اس کے سر پر آ کر بیٹھ گیا، کون بیٹھا؟ قَمَر، قَمَر تو ف بن گیا ق۔ قَمَر کو بیلنس کرنے کے لیے ف گول ہو گیا۔ قَمَر سے ق، ق، ق۔

سبق: -٩ ء ہمزہ کے لیے آپ خود کوئی کہانی، اشارہ یا تصویر بنا کر بچوں کو سمجھائیں۔

ہ ہاتھ کی ہتھیلی کی شکل ہ کے جیسی ہے (ہاتھ، ہتھیلی، ہاء کی آواز پر زور دیجیے) دونوں ہاتھوں کو ملا کر کہیے کہ یہ بھی ہاء ہے مگر دو آنکھوں والا (ھ)

سبق: -١٠ ع ع کو عطر بہت پسند ہے، جب بھی وہ عطر کی شیشی کو دیکھتا ہے تو اس سے لپٹ جاتا ہے تاکہ اس کے سارے جسم میں خوشبو بھر جائے۔ تو یہ ہے ع! عطر سے ع، ع، ع۔

ح کیا آپ کو یاد ہے کہ "ج" ہمیشہ اپنے پیٹ میں جامن رکھا کرتا تھا؟ جب وہ جامن ہضم ہو جائے تو وہ بن جاتا ہے "ح"۔

سبق: -١١ غ ع کو غسل دیں تو بنے گا "غ"۔ ع کو غسل دینے کے لیے ایک قطرہ کافی ہے نا؟ غسل کی غ پر خوب دیجیے: غ، غ، غ۔

خ "ح" جب بھوکا ہو گیا تو وہ دوبارہ کھانا تلاش کرنے لگا، اُسے ایک روٹی ملی، عربی میں روٹی کو "خُبز" کہتے ہیں۔ ح اُس خُبز کو اپنے سر پر اُٹھا کر گھر کی طرف بھاگا اور چلّانے لگا: خُبز ملی، خُبز ملی، خُبز ملی۔ خُبز سے خ، خ، خ۔

**نوٹ:** یہ چھ حروف حلق کے ہیں: ء، ہ، ع، ح، غ، خ۔ ان چھ حروف کو دو دو کی جوڑی بنا کر حلق کی طرف نیچے سے اوپر کی جانب اشارے کرتے ہوئے پڑھائیں اور طلبہ سے اشارے کرواتے ہوئے خوب دہرائیں۔